غزالی
ایجوکیشن
فاؤنڈیشن
GHAZALI EDUCATION FOUNDATION

# غزالی نیوز

شمارہ نمبر 61

غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کا ترجمان

GHAZALI NEWSLETTER

July 2024

www.get.org.pk

## میٹرک امتحانات 2024 کے نتائج، غزالی سکولوں کی شاندار کارکردگی

پنجاب میں میٹرک امتحانات کے حالیہ نتائج میں غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے سکولوں کا رزلٹ ایک مرتبہ پھر شاندار رہا۔ غزالی سکولوں کے طلبہ نے بہترین تعلیمی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے اپنے اضلاع میں نمایاں نمبرز حاصل کئے۔ رواں سال پنجاب میں غزالی سکولوں کے 1014 طلباء نے میٹرک کا امتحان دیا۔ غزالی سکولوں کا مجموعی نتیجہ 91 فیصد رہا۔ غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود نے طلبہ، والدین اور اساتذہ کو مبارکباد دیتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور طلبہ کو محنت کا عمل اپنائے رکھنے کی تلقین کی ہے۔ سید عامر محمود نے کہا ہے کہ پوزیشن ہولڈر طلبہ کو جلد ایک پر وقار تقریب میں خصوصی انعامات واسناد سے بھی نوازا جائے گا۔

آمنہ جواد
1167
غزالی سکول منصورہ، لاہور

محمد شرجیل
1162
غزالی سکول 79 ج ب، فیصل آباد

علی حسنین
1161

| | |
|---|---|
| نور فاطمہ | 1160 |
| مناہل | 1159 |
| لبینہ طاہر | 1157 |
| ایمن آصف | 1151 |
| علی محمد اقبال | 1150 |
| عبدالہادی | 1145 |
| عائشہ گلزار | 1145 |
| ابوسفیان | 1137 |
| محمد فرحان | 1137 |
| محمد شہیر | 1136 |
| مہتاب | 1132 |
| آمنہ پروین | 1131 |
| رانا افنان اشرف | 1130 |
| ایم عمر | 1121 |

## یتیم و مستحق طلباء میں عید تحائف کی تقسیم

غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے مختلف سکولوں کے یتیم و نادار طلباء میں عید کی مناسبت سے تحائف اور فوڈ پیکج تقسیم کئے گئے۔ مجموعی طور پر 1100 سے زائد طلبہ و طالبات کے علاوہ مستحق اساتذہ میں بھی فوڈ پیکجز کی تقسیم ممکن بنائی گئی۔ غزالی فاؤنڈیشن ہر سال بالخصوص عیدین کے مواقع پر کم وسیلہ خاندانوں سے تعلق رکھنے والے طالبعلموں کیلئے یہ کاوش کرتی ہے۔ ان تحائف اور فوڈ پیکجز کی تقسیم کے سلسلے میں ادارے کو مختلف فلاحی اداروں کا تعاون بھی حاصل ہوتا ہے۔ مذکورہ سرگرمی یوکے اسلامک مشن کے تعاون سے منعقد کی گئی۔ پسماندہ علاقوں سے تعلق رکھنے والے طلباء کے والدین اور اساتذہ نے اس تعاون پر غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن اور یوکے آئی ایم کا شکریہ ادا کیا اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔










## غزالی سکولوں میں سائنس میلہ کا انعقاد

غزالی سکول اخلاص پور اور 79 ج ب فیصل آباد میں گرینڈ سائنس میلہ منعقد ہوا جس میں طلبہ و طالبات نے بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے سائنس کے مختلف تصورات کی وضاحت ماڈلز کے ذریعے کی اور میلہ کے شرکاء کو ان پر مفصل بریفنگ دی۔ شرکاء کی جانب سے ان کاوشوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے اس امر کا اظہار کیا گیا کہ طلباء کی صلاحیتوں میں نکھار لانے، سائنسی تصورات کو سمجھنے اور تخلیقی ذوق کو اجاگر کرنے کیلئے سائنس میلہ جیسی روایات اہمیت کی حامل ہیں۔










## میمونہ مریم......ہمت کا استعارہ

بھکر کے ایک پسماندہ علاقہ سے تعلق رکھنے والی میمونہ مریم کا تعلیمی سفر غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے توسط سے مکمل ہوا جس کا آغاز اس نے 2010ء میں غزالی سکول بھکر سے کیا تھا۔ بہت محنت اور ثابت قدمی کے ساتھ وہ آگے بڑھی اور یہیں سے میٹرک کیا۔ سرگودھا یونیورسٹی سے گریجویشن کرنے کے بعد اب اپنے علاقہ (محمود والا) کے غزالی سکول میں ٹیچر کے طور پر خدمات سرانجام دے رہی ہے۔ میمونہ بھکر کے ان ہزاروں خاندانوں کیلئے عزم و ہمت کی داستان ہے جو لڑکیوں کی تعلیم کے حوالے سے تنگ نظری رکھتے ہیں۔ میمونہ اپنے علاقہ میں ان خاندانوں اور نئی نسل کیلئے روشنی کی مانند ابھری ہے۔ غزالی فاؤنڈیشن نے میمونہ کا تعلیم کا خواب حقیقت میں بدلا اور اس کے والدین کے ساتھ مل کر مکمل سپورٹ کیا۔ آج میمونہ بااختیار ہو کر اپنے علاقہ کی بچیوں کیلئے ایک رول ماڈل ہے اور اپنے جیسی سینکڑوں بچیوں کے مستقبل کی تشکیل کا بیڑہ اٹھائے ہوئے ہے جو اس کی طرح ستاروں تک پہنچنے کا خواب دیکھ رہی ہیں۔ میمونہ جیسی ہزاروں طالبات غزالی سکولوں میں اپنے اپنے خوابوں کی تکمیل کیلئے کوشاں ہیں۔ ان کا یہ سفر یقیناً آپ کے تعاون اور سرپرستی کے بغیر ممکن نہیں۔ آیئے، اس مشن میں ہمارا ساتھ دیجئے۔

## فلپائن کے وفد کا دورہ







فلپائن کے فلاحی ادارے Ramon Magsaysay ایوارڈ فاؤنڈیشن کے وفد نے غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کا دورہ کیا۔ وکٹر جو ہن اور Issay Nadalo پر مشتمل وفد کو ادارے کے تعلیمی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ دونوں اداروں میں تجربات کے تبادلے اور باہمی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال ہوا۔ Ramon Magsaysay ایوارڈ فاؤنڈیشن نے بالخصوص ٹیچر ٹریننگ، انکلوسو ایجوکیشن اور اقلیتی بچوں کی تعلیم کے حوالے سے غزالی فاؤنڈیشن کے کردار کو سراہا۔ وفد نے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود کو صدارتی ایوارڈ کے حصول پر مبارکباد بھی پیش کی اور دیہاتوں میں فروغ تعلیم کیلئے ان کی کاوشوں کی تحسین کی۔

## سنیئے! پیپلاں کے راؤ عزیر کی کہانی



راؤ عزیر غزالی سکول پیپلاں کا طالبعلم ہے جو ڈاؤن سنڈروم بچے کے طور پر داخل ہوا۔ آغاز میں وہ نہ تو کسی کی بات سمجھتا تھا اور نہ ہی کلاس روم میں بیٹھنے پر تیار تھا۔ غزالی فاؤنڈیشن کے اساتذہ اور سائیکالوجسٹس نے عزیر پر بھرپور توجہ دی اور اس کی تربیت کے ساتھ ساتھ والدین کی بھی راہنمائی کی۔ والدین اور اساتذہ کی توجہ اور محنت سے عزیر کی زندگی میں تبدیلی آئی۔ اب وہ دوسروں کی بات کو سمجھتا اور ہر بات کا رسپانس بھی دیتا ہے۔ کلاس کے تمام امور بخوبی سرانجام دینے کے ساتھ ساتھ دیگر طلبہ میں گھلنے ملنے اور ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی دلچسپی کا اظہار کرتا ہے۔ غزالی فاؤنڈیشن کے رورل انکلوسو ایجوکیشن پروگرام کے ذریعے عزیر جیسے سینکڑوں خصوصی بچے تعلیم و بحالی کے مراحل سے گزر رہے ہیں۔ ان کی تعلیمی ضروریات بھی غزالی فاؤنڈیشن اپنے پلیٹ فارم سے پوری کر رہی ہے۔

**1 سپیشل طالبعلم کی سالانہ تعلیمی کفالت 40,000 روپے**

**1 ریسورس روم کے قیام کے اخراجات 800,000 روپے**

## خصوصی افراد کی فلاح و بہبود پر مشتمل اداروں کے ساتھ نشست





خصوصی افراد کے حوالے سے سماجی خدمات سر انجام دینے والے اداروں سے وابستہ شخصیات کے ساتھ غزالی ہیڈ آفس میں نشست منعقد ہوئی۔ اس موقع پر خصوصی بچوں کی فلاح و بہبود کیلئے کام کرنے والے افراد کو ان کی خدمات پر خراج تحسین پیش کرنے کے ساتھ ساتھ اس کام کو مزید وسیع کرنے کے موضوع پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء کی جانب سے بھی غزالی فاؤنڈیشن کی تعلیمی خدمات کو سراہا گیا اور ایک دوسرے کے ساتھ تعاون اور مشترکہ اقدامات پر اتفاق کیا گیا۔ نشست میں خصوصی بچوں کی فلاح و بہبود کیلئے کوشاں معروف سماجی شخصیت ڈاکٹر خاور سلطانہ کو ادارہ "امین مکتب" میں اپنے کام کا دورانیہ مکمل کرنے پر خراج تحسین بھی پیش کیا گیا اور خصوصی بچوں اور اداروں کیلئے ان کی خدمات کو سراہا گیا۔

دریں اثناء غزالی فاؤنڈیشن کے وفد نے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود کی قیادت میں یونیورسٹی آف ایجوکیشن کے شعبہ خصوصی تعلیم کی ہیڈ ڈاکٹر زاہدہ پروین اور دیگر فیکلٹی ممبران سے ملاقات کی۔ اس موقع پر سپیشل بچوں کی فلاح و بہبود کیلئے بیشتر اقدامات کے ساتھ ساتھ دونوں اداروں کے درمیان مستقبل میں باہمی تعاون کے فروغ کیلئے مفاہمتی یادداشت پر بھی اتفاق کیا گیا۔

## یونیسیف کے ایجوکیشن مینیجر کا دورہ غزالی فاؤنڈیشن



یونیسیف کے پنجاب میں ایجوکیشن مینیجر کامران افتخار لون نے غزالی فاؤنڈیشن کا دورہ کیا۔ اس موقع پر بیشتر تعلیمی امور زیر بحث آنے کے ساتھ ساتھ آؤٹ آف سکول بچوں کے چیلنج سے نبٹنے، ٹیچر ٹریننگ اور طلبہ کو تعلیمی سہولیات کی مزید بہتر انداز میں فراہمی سمیت دیگر متعلقہ امور پر گفتگو کی گئی۔ کامران افتخار لون کے ساتھ غزالی ہیڈ آفس میں خصوصی نشست کا بھی انعقاد کیا گیا جس میں پاکستان میں تعلیمی ایمرجنسی کے تناظر میں سٹیک ہولڈرز کے کردار پر مباحثہ ہوا۔ نشست میں اپنے اپنے شعبوں میں بہترین مقام رکھنے والے ماہرین تعلیم نے شرکت کی۔ شرکاء نے تعلیمی چیلنجز کے احاطہ کیلئے نان فارمل سکولوں کی تعداد بڑھانے، طلباء کی فنی تربیت، چائلڈ پروٹیکشن کیلئے بھرپور کردار ادا کرنے اور اس ضمن میں سماجی رویوں میں بہتری لانے کی ضرورت پر زور دیا۔ کامران افتخار لون نے اس ضمن میں یونیسیف کے کردار اور کاوشوں سے بھی آگاہ کیا جبکہ یونیسیف کے پلیٹ فارم سے غزالی فاؤنڈیشن کے ساتھ مختلف تعلیمی پراجیکٹس میں تعاون بڑھانے کے عزم کا بھی اظہار کیا۔

## غزالی سکول میں حفاظ کرام کی دستار بندی



غزالی سکول اخلاص پور میں حفاظ کرام کی دستار بندی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں حفظ مکمل کرنے والے طلباء میں تحائف تقسیم کئے گئے۔ اس موقع پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کیلئے ان کے والدین اور اہلیان علاقہ بھی موجود تھے۔ ممبر بورڈ آف ڈائریکٹرز غزالی فاؤنڈیشن پروفیسر میاں محمد اکرم نے طلبہ کے والدین اور اساتذہ کو تکمیلِ حفظ کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ان کے والدین اور اساتذہ ہم سب کیلئے رول ماڈل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غزالی سکولوں میں طلباء کی دینی اور اخلاقی تربیت پر بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ ایک بڑی تعداد میں طلباء عصری تعلیم کے ساتھ ساتھ قرآن پاک حفظ بھی کر رہے ہیں۔ پروفیسر میاں محمد اکرم نے اس موقع پر فضائل قرآن کے موضوع پر خصوصی گفتگو کی اور حفاظ بچوں کے اساتذہ کی بھی حوصلہ افزائی کی۔

## غزالی فاؤنڈیشن کے زیر انتظام سرکاری سکولوں میں کیو ای ٹی کا انعقاد

غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے زیر انتظام سرکاری سکولوں میں کوالٹی ایشورنس ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا۔ کیو ای ٹی میں قصور کے گورنمنٹ پرائمری سکولز کوٹ جان محمد کی کلاس 3 کی طالبہ عشرت، گورنمنٹ پرائمری سکول تھڑہ کی ماہ نور کشف (کلاس 4) اور گورنمنٹ پرائمری سکول ماڈل جیو والی (سیالکوٹ) کی طالبہ ہادیہ شرافت نے تیسری کلاس میں نے ضلع بھر میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ پنجاب کے دیگر اضلاع میں ہونے والے کیو ای ٹی میں بھی غزالی فاؤنڈیشن کے زیر انتظام سرکاری سکولوں میں طلبہ و طالبات پہلی تین پوزیشنوں پر فائز رہے۔ پوزیشن ہولڈر طلبہ و طالبات کو پنجاب ایجوکیشن انشیوٹیو مینجمنٹ اتھارٹی (پیما) کی جانب سے منعقدہ ایک تقریب میں خصوصی انعامات سے نوازا گیا اور ان کی حوصلہ افزائی کی گئی۔







## سندھ کے غزالی سکولز میں میڈیکل کیمپ کا انعقاد

کشمور، قمبر اور شکارپور کے غزالی سکولوں کے خصوصی طلبہ کیلئے میڈیکل کیمپس لگائے گئے جن سے 200 سے زائد طلبہ مستفید ہوئے۔ سپیشل طلباء کے والدین کو ان بچوں کی تربیت، تعلیم اور بحالی کے حوالے سے بیشتر معاملات پر راہنمائی بھی دی گئی۔ سندھ کے خصوصی طلبہ اور ان کے والدین کیلئے آگاہی میڈیکل کیمپ نئی اور منفرد سرگرمی تھی۔ والدین نے اس حوالے سے مسرت کا اظہار کیا اور اس سلسلے کو جاری رکھنے کا مطالبہ بھی کیا۔ غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ اگر وسائل میسر ہوں، تو میڈیکل کیمپس کا یہ سلسلہ جاری رکھا جا سکتا ہے۔ اس عمل سے سندھ کے سینکڑوں خصوصی بچوں کو بحالی میں مدد مل سکتی ہے۔

## غزالی سکول مرزاں ورکاں کا 60 فیصد تعمیراتی کام مکمل





شیخوپورہ میں مرزاں ورکاں کے مقام پر غزالی ماڈل ہائی سکول کی تعمیر کا تقریباً 60 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ 12 کنال پر مشتمل یہ سکول غزالی فاؤنڈیشن کی معاون و سرپرست شمیم اختر کے خصوصی تعاون سے قائم کیا جا رہا ہے۔ غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود تعمیراتی کاموں کی خود نگرانی کر رہے ہیں۔ سید عامر محمود نے اسے ماڈل سکول بنانے کا عزم کرتے ہوئے کہا کہ غزالی سکول مرزاں ورکاں کی بنیاد اخلاص، ایثار اور قومی تعمیر کے جذبہ کے ساتھ رکھی جا رہی ہے۔ یہ سکول ایک ماڈل تعلیمی ادارہ کے طور پر جہاں غزالی فاؤنڈیشن کا وقار مزید بلند کرے گا وہیں یہاں تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کیلئے بھی باعث فخر ہوگا۔

## صوبائی وزیر تعلیم کا غزالی ہیڈ آفس کا دورہ

وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر کو عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد اور غزالی فاؤنڈیشن کے تعلیمی منصوبوں بالخصوص پنجاب حکومت کی شراکت سے چلنے والے پراجیکٹس پر بریفنگ دی گئی۔ بیشتر تعلیمی منصوبوں کی ترقی کیلئے مشترکہ اقدامات پر تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔ اس موقع پر وزیر تعلیم نے غزالی ہیڈ آفس میں یادگاری پودا بھی لگایا۔



## سندھ میں انکلوسو ایجوکیشن کے آغاز پر اتفاق

غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے شعبہ خصوصی تعلیم کے وفد نے لاڑکانہ میں سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے ریجنل آفس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر دونوں اداروں کے مابین سندھ میں خصوصی بچوں کی فلاح و بہبود کے حوالے سے تفصیلی مشاورت ہوئی اور اس ضمن میں مشترکہ اقدامات پر اتفاق کیا۔ سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی نمائندگی ریجنل ہیڈ دلشاد پیرزادہ اور شفیق جتوئی نے کی۔ غزالی فاؤنڈیشن کی تجویز پر پہلے مرحلے میں کشمور، شکارپور اور قمبر میں خصوصی بچوں کی بحالی اور تعلیم و تربیت کیلئے انکلوسو ایجوکیشن شروع کرنے پر اتفاق کیا گیا۔



## بڑی عید، بڑا ایثار مہم

غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن نے روایت کو برقرار رکھتے ہوئے اس مرتبہ بھی اپنے سکولوں کے سفید پوش اساتذہ و طلباء اور دیگر سٹاف کو عیدِ قرباں کی خوشیوں میں شامل کرنے کیلئے قربانی کا اہتمام کیا۔ "بڑی عید، بڑا ایثار" کے عنوان کے تحت اندرون و بیرون ملک مقیم مخیّر افراد کے تعاون سے ان کے گھروں تک قربانی کا گوشت پہنچایا گیا۔ اس تعاون کی بدولت مجموعی طور پر 6000 سے زائد خاندان اور 49 ہزار افراد مستفید ہوئے۔

گذشتہ کچھ عرصہ میں غزالی فاؤنڈیشن کا دائرہ وسیع ہوا ہے۔اسی تناظر میں غزالی سکولوں میں یتیم و مستحق طلبہ کی تعداد بھی بڑھی ہے۔

غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن نے کوشش کی کہ ان تمام بچوں اور ان کے خاندانوں کو عیدِ قرباں کی خوشیوں میں شریک کرے، جو استطاعت نہ رکھنے کی وجہ سے قربانی کا فریضہ ادا کرنے سے قاصر ہیں۔ غزالی فاؤنڈیشن مخیّر حضرات کے تعاون اور سرپرستی پر بے حد مشکور ہے، جن کی وجہ سے اس اہم فریضہ کی ادائیگی ممکن ہو سکی۔ غزالی فاؤنڈیشن اپنے طلباء کے خاندانوں، اساتذہ اور سکول کے سپورٹنگ سٹاف کو ہر سال عیدِ قرباں کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔




## غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کا عزم
## 100٪ خواندہ پاکستان

| اضلاع | سکولز | طلبہ وطالبات | اساتذہ |
|---|---|---|---|
| 40+ | 800+ | 125,000+ | 5,000 + |